دو تین ہزار برس بعد میں براعظم ایشیاء کی مغرب مین مصر میں جاری ہوا۔ موہن جو دڑو سے کچھ سونے کے زیور بھی ملے ہیں۔ سونے کا ذکر ہندوؤں کی مقدس کتاب میں بھی ملتا ہے قدیم لوگوں نے دریائے سندھ کو ''سونے کی'' کہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ دریائے سندھ کی ریت سے آج تک سونے کے ذرات ملتے ہیں درحقیقت بڑے دریاؤں کی ریت سے سونے کے ذرات ملتے ہیں قدیم زمانے میں کچھ لوگوں کا یہی کام ہوتا تھا آج بھی سندھ میں کچھ ہنرمند ہیں جنہیں کہا جاتا ہے ''دھوڑ دھینا'' یعنی دھوڑ دھونے والے لیکن آج کل ان میں سے کئی صرافوں کی کم قیمت میں خرید کر اسے دھو کر اس سے سونے کے ذرات نکالتے ہیں مطلب یہ کہ سندھو دریا میں سونے مل جاتا تھا۔

ثقافتی ورک شاپ میں وزیر ثقافت کا کہنا تھا کہ سندھ نے آج یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس صوبے میں رہنے والے تمام فکر اور ثقافت کے لوگ اور ان کی ثقافتی رسوم اور تہذیبی تشخص اس صوبے کی تاریخی میراث ہے اور آج اس ورکشاپ سے ہم یونیسکو اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ ملکر نصاب میں ثقافت اور ورثہ کے عنوانات و مضامین شامل کرنے جا رہے ہیں۔ نصاب کے معاملے میں سندھ پہلے ہی دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہت آگے ہے اور ہم نے ملک میں سب سے پہلے نان فارمل ایجوکیشن کا نصاب مرتب کیا اور اس کے بعد سندھ نے ہی سب سے پہلے ارلی چائلڈ ہوڈ ایجوکیشن کا نصاب مرتب کیا اور آج ثقافت و ورثہ کو نصاب کا حصہ بنانے کے معاملے میں سندھ سب سے آگے ہے۔ اس سال موہن جو دڑو کی صد سالہ تقریبات منعقد ہونگی اس صد سالہ تقریب میں یونسکو کے ڈائریکٹر جنرل اور دنیا بھر کے ماہرین آثارِ قدیمہ شرکت کرینگے جو بیک وقت کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور اور اسلام آباد میں منعقد ہوگی اس کے علاوہ فرانس کے دارالخلافہ پیرس میں اختتامی تقریب منعقد ہوگی۔ واضح رہے کہ موہن جو دڑو کی کھدائی کا سہرا سر جان مارشل (ڈائرکٹر جنرل آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا) کو جاتا ہے۔ سر جان مارشل کے خاندان کے افراد بھی موہن جو دڑو کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کرینگے جو پیرس میں ہوگی۔ موہن جو دڑو کی دریافت کی صد سالہ تقریبات کے حوالے سے محکمہ ثقافت کا دو عدد کتابیں شایع کرنے کا پروگرام ہے جس میں سندھ کی قدیم تہذیب کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایک (Animated Film) بھی ریلیز کی جائے گی۔ مصنوعی متحرک فلم بنانے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ آپ پانچ ہزار سال پرانے زمانے میں چلے جاتے ہیں اور اس وقت کی ان کی تعمیرات، طرز ہائے زندگی اور رہن صحن کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے جس کو انسانی ترقی کی ایک اعلی مثال قرار دیا جاتا ہے۔ نصاب میں ثقافتی مضمون شامل کرنے سے بچوں کو بچپن ہی سے اپنی ثقافت سے محبت ہوگی اور چونکہ نصاب میں جو چیز ہوتی ہے وہ پورے سال پڑھائی جاتی ہے اور اس نصاب کے تحت سہاہی، ششماہی اور سالانہ امتحانات میں اسی نصاب میں سے سوالات آتے ہیں جب طالب علم ان سوالات کے جوابات لکھتا ہے کہ ساری عمر اس کو یاد رہتا ہے۔ ان ہی بچوں میں سے کوئی بڑا ہو کر ڈاکٹر بنے گا تو کوئی انجنیئر، کوئی منصوبہ بندی کا وزیر، تو کوئی زراعت کا وزیر بنے گا، کوئی بلدیات کا وزیر بنے گا تو اس کو موہن جو دڑو کا پورا خاکہ ذہن میں ہوگا۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو موئن جو دڑو کی قدیم تہذیب زندگی کے ہر شعبے کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ اس سے نئے آنے والی نسل کو کئی فائدے ملیں گے۔ ایک تو ان میں اپنی قدیم ثقافت کی اسٹیڈی سے ان میں ایک فخر پیدا ہوگا کہ پانچ ہزار پہلے ان کے آباؤاجداد کا رہن سہن کتنا علیشان تھا آج بھی کسی حد تک ہم سندھ میں نئی عمارتوں میں قدیم ثقافت کا عکس ملتا ہے۔ نیلے رنگ کے کاشی کا کام والے ٹائلز زیادہ تر مزاروں اور مقبروں پر ہی نظر آتا ہے لیکن اب نئی بننے والی عمارتوں میں بھی یہی ٹائلز استعمال ہو رہا ہے۔ اسی طرح اب سندھ میں رجسٹرڈ ہونے والی گاڑیوں کی نمبر پلیٹ بھی دیدہ زیب اسٹائل میں سندھ اجرک کی پٹی کے ساتھ مارکیٹ میں آئی ہے جو دیکھنے میں بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ جو وزیر ثقافت بھی ہیں اس لیے دونوں محکموں کے اشتراک سے نصاب میں سندھ کی ثقافت کے مضمون شامل کرنے سے سندھ کی ثقافت کا ایک اچھا تصور سامنے آئے گا۔ ■

# کراچی کی ترقی کے لئے سندھ حکومت پُرعزم

قرۃ العین

بنیادی ڈھانچے سے مراد، جدید اور معیاری زندگی سے مطابقت رکھنے والی ایسی سہولیات کی فراہمی ہے جو کیفیت حیات کو بلند کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہوں۔ یعنی ہر وہ ذریعۂ نقل یا راستہ جو جدید دور میں اختیار کیا جا سکتا ہو۔ گلیوں، سڑکوں، شاہراہوں، راہ آہن اور آبراہوں وغیرہ کو کسی بھی شہر یا ملک کے بنیادی ڈھانچے میں شمار کیا جاتا ہے۔

بنیادی ڈھانچہ ملکوں کی ترقی کا لازم جز ہوتا ہے تاکہ معاشرے کے کارآمد افراد کو اپنی صلاحیت سے نہ صرف اپنے لیے بلکہ اپنے معاشرے کے لیے بھی مکمل اور پُر سہولت انداز میں فعال کیا جا سکے۔ گلی کی ایک مثال لے لیں جسے عام طور پر ایک ایسا راستہ کہا جا سکتا ہے جس سے براہ راست رہائشی عمارات (گھر) منسلک ہوتے ہیں اور بڑی گاڑیوں یعنی پبلک ٹرانسپورٹ کے بجائے یہ پیدل چلنے والے افراد کے لیے زیادہ استعمال ہوتی ہے، ایسے راستے کے تصور کو انگریزی میں عموماً street کہا جاتا ہے لیکن اردو میں یہی نام ہر چھوٹی بڑی سڑک یا شاہراہ کے لیے بھی آتا ہے۔ کسی بھی معاشرے میں نقل و حمل کی ابتداً گھر کے سامنے گلی سے ہوا کرتی ہے کیونکہ زیادہ تر گھر سے پہلا قدم گلی میں ہی آتا ہے اور نسبتاً کم ہی ایسا ہوتا ہے کہ گھر سے پہلا قدم براہ راست کسی بڑی شاہراہ پر یا کسی بہت عالیشان رہائش کے سامنے بنائے گئے خصوصی باغ وغیرہ میں نکلتا ہو، بہر حال جو بھی صورتحال ہو گلی سے یہاں وہی مراد لی جائے گی کہ جہاں گھر کے دروازے سے پہلا قدم نکلے۔ اپنے گھر سے روزگار پر نکلنے والے معاشرے کے ارکان کو گھر کے سکون سے کسی بے سکونی میں نکل آنے کا نفسیاتی احساس کم سے کم ہونا چاہیے اور اس سلسلے میں گلی کو ہی پہلا مرحلہ کہا جا سکتا ہے۔ گلیوں کو ممکنہ حد تک صاف اور پختہ ہونا چاہیے۔ گلیوں میں ٹھہرے پانی کو نکالنے کا نکاس درست ہونا چاہیے تاکہ بارش کے بعد یا کسی نالے سے بہہ کر نکلنے والا پانی نا ٹھہرا ہوا ہو۔

گلی پختہ ہونے کی لوازمہ پر پوری اترنے کے بعد بھی اگر پختگی کے دائیں بائیں کچی زمین رہ گئی ہو تو اس کو یا تو گھاس نما پودوں سے یا گملے وغیرہ رکھ کر ڈھانپنا ضروری ہے تاکہ دھول کا منبع ہی ناپید ہو جائے۔ ایسا کرنے کے بعد گلی سے ملحقہ گھر والوں کی ذمہ داری ہے کہ اپنے اپنے حصے کی جگہ گھاس یا پودوں کو پانی اور کھاد مہیا کرتے رہیں، اگر کسی وجہ سے کچی زمین ناپید کرنے کی یہ نظامت جاری رکھنا مشکل محسوس ہوتا ہو تو پھر واحد راستہ یہی ہوگا کہ اینٹوں سے یا سڑک بنا کر پختہ کی جائے یا گلی میں باقی رہ جانے والے تمام کچے مقامات کو بھی پختہ کر دیا جائے، گو کہ اس طریقے سے سبزہ اور پودوں کی افراط نہ ہو سکے گی جو صحت کے لیے لازمی ہیں۔

کراچی میں عموماً ایسا دیکھا گیا ہے کہ گلیوں میں زیرِ زمین پانی یا بجلی کی لائینیں ڈالنے کے لئے کھدائی ہوتی ہے اور پھر لائینیں ڈالنے کے بعد مٹی اور ملبے سے انہیں ڈھک دیا جاتا ہے جبکہ پختہ روڈ نہیں ڈالا جاتا ایسے میں اگر گلی میں پانی بھرتا ہے تو پھر اُن جگہوں پر بڑے



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، کراچی میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بڑے گڑھے پڑھ جاتے ہیں اور اگر زیرِ زمین لائین بجلی کی ڈلی ہوئی ہے تو کسی بھی جاندار کو کرنٹ لگنے کا خطرہ ہو سکتا ہے اور اس کے علاوہ دیگر مشکلات بھی ہوتی ہیں۔ لہٰذا تمام اداروں سے رابطے میں رہ کر ہی کسی گلی میں ترقیاتی کام ہونا چاہئے تاکہ جیسے ہی کھدائی کا کام مکمل ہو جائے اس جگہ پر پختہ سڑک بنادی جائے۔ ایسا اسی لئے ہوتا ہے کہ کراچی شہر میں مختلف ادارے کام کررہے ہیں اور ان کا ایک دوسرے سے رابطہ نہیں ہوتا تو یہ مسائل جنم لیتے ہیں۔ البتہ سندھ حکومت جہاں کے کام کا بیڑا اُٹھاتی ہے وہاں کام مکمل کیا جاتا ہے۔ جیسے کھارادر میں واقع قائدِاعظم کی رہائش گاہ وزیر مینشن کی مثال لے لیجئے جہاں ہر سال بارشوں میں پانی بھر جایا کرتا تھا اور میڈیا پر خبریں چلنے کے بعد عمارت کے احاطے سے پانی صاف کیا جاتا تھا، لیکن گذشتہ سال چودہ اگست سے پہلے ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے نہ صرف نکاسی آب کی لائینیں عمارت کے اطراف بچھوائیں بلکہ گلی کو مٹی کی اینٹوں سے خوبصورت طریقے سے پختہ کیا اور عمارت کے چاروں طرف حفاظتی اقدامات اور خوبصورتی کے لئے پودے وغیرہ لگوائے۔ اب یہ گلی بہت خوبصورت منظر پیش کررہی ہے اور بانی قائد سے منسوب تاریخی عمارت بھی محفوظ ہو چکی ہے۔

اب بات کرتے ہیں سڑک کے حوالے سے۔ سڑکیں موجودہ زمانے میں کسی بھی شہر یا ملک کے بنیادی ڈھانچے میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند تصور کی جاتی ہیں، گویا بنیادی ڈھانچہ اگر کسی ملک کی معیشت کو بہتر بنانے اور ترقی دینے کا لازمی جز ہے تو سڑکیں اس بنیادی ڈھانچے کا لازمی جز ہوتی ہیں۔ تمام سڑکوں کو اپنا اہم ترین فریضہ یعنی مدت سفر، بہترین انداز میں ادا کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ بہترین انداز (یا عالمی معیار) سے یہاں مراد مسافت میں اضافہ اور مدت یا وقت میں کمی (کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مسافت) اور دورانِ مسافت مسافر اور اس کی گاڑی کی بہ حفاظت منزل تک رسائی لی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سڑک کسی بھی دوسری قسم کی نقل و حمل (جیسے قطار، دوچرخہ یا پیدل وغیرہ) میں دشواری نا پیدا کرتی ہو۔ ایک معیاری بنیادی ڈھانچہ میں کوئی سڑک چھوٹی یا بڑی نہیں بلکہ تمام یکساں اہمیت کی حامل ہوتی ہیں، تمام سڑکوں کی ساخت میں یکسانی، بنیادی ڈھانچہ کی خوبی کی شہادت ہوتی ہے۔ تمام سڑکیں عالمی منتخب کردہ معیار کے مطابق تیار کی جانی چاہئیں اور ان کی ساخت ڈھالتے وقت، جدید پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو دیانتداری سے استعمال کیا جانا چاہیے۔ سڑکوں پر استعمال ہونے والے نشانات راہنمائی، اشارات اور علامات تمام تر سڑکوں پر یکساں (ایک جیسے) ہونا چاہیں، تاکہ ان کی پہچان اور یاداشت سہل ہو سکے۔

کراچی میں سیاسی پوائینٹ بڑھانے کی دوڑ میں گذشتہ ایک دو برس میں کچھ ترقیاتی کام ایسے کئے گئے جو نہایت ناقص ثابت ہوئے۔ مثال لے لیجئے جہانگیر روڈ کی جو نہایت اہم سڑک ہے۔ گذشتہ دو ڈھائی سالوں میں یہ سڑک سابقہ وفاقی حکومت اور ان کے ایم این ایز کی جانب سے تین مرتبہ بنائی جاچکی ہے پہلے باقاعدہ سیوریج کی بڑی بڑی لائینیں ڈالی گئیں اور پھر اوپر کارپٹنگ ہوئی مہینوں عوام نے تکلیف اُٹھائی اور سڑک بظاہر بہتر تعمیر ہو گئی، لیکن پھر کچھ ہی ماہ بعد سڑک پر موجود گٹر دوبارہ اُبلنے لگے اور پانی کھڑا رہنے سے سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی، پھر کچھ حصے پر کام ہوا اور اس حصے پر کارپٹنگ کردی گئی۔ شہری سمجھے شاید اب اس مسئلے سے جان چھوٹ گئی لیکن پہلے کی طرح ہی معاملہ ہوا اور اب چند ماہ نہیں بلکہ چند روز بعد ہی سیوریج کا پانی سڑک پر کھڑا ہو گیا جس کی وجہ سے سڑک تباہ حالی کا شکار ہو گئی۔ کچھ کام کرکے ایک مرتبہ پھر سڑک بنانے کی تیاری شروع کی گئی لیکن اب کی بار تو سڑک بننے سے پہلے ہی سیوریج کے پانی نے سڑک پر کھڑے ہو کر کام رکوادیا۔ نام نہاد فکس اٹ مہم کے کرتا دھرتا نے بھی سوشل میڈیا پر وڈیو چلانے کے لئے یہاں سڑک بچھانے کا ڈرامہ کیا اور وڈیو بنا کر چلتے بنے۔ حالیہ دنوں مون سون کی بارشوں کے بعد اب ایسا لگ رہا ہے کہ کسی گاؤں دیہات کے کچے علاقے میں ٹریفک چل رہا ہے۔

ایسا کیا مسئلہ ہے کہ جہانگیر روڈ پر سیوریج کا مسئلہ اب تک حل نہیں کیا جاسکا جبکہ کروڑوں روپے جو عوام ٹیکس کی مد میں

دیتی ہے ضائع کئے جاچکے ہیں اور سڑک کی حالت اس وقت ایسی ہے جو بتانے کے قابل نہیں۔ جب تک تمام اداروں کا تعاون درکار نہیں ہوگا یہ سڑک ایسے ہی بربادی کا شکار رہے گی۔

اب مثال لیتے ہیں سندھ حکومت کی جس نے چند سال پہلے یونیورسٹی روڈ کی تعمیر کی، پہلے سیوریج اور پانی کی لائینیں بچھائی گئیں اور پھر ان میں سے پانی گزار کر باقاعدہ چیک کیا گیا کہ سڑک بننے کے بعد کوئی مسئلہ درپیش نہ آئے اور پھر عالمی معیار کی سڑک وہاں تعمیر کی اب تقریباً پانچ سال ہونے کو ہیں وہ سڑک جوں کی توں خوبصورتی کے ساتھ برقرار ہے اور شہری باآسانی سفر کررہے ہیں۔ اس طرح کی بہت سی مثالیں ہیں جس میں اولڈ ایریا، شاہراہ فیصل، طارق روڈ، کلفٹن، پاک کالونی اور گذشتہ سال حکومت سندھ کی جانب سے بنائی جانے والی لائنزایریا کی مین سڑک ہے جس پر قابل اطمینان کام کیا گیا ہے۔ لہٰذا سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ خدارا سیاسی پوائینٹ بڑھانے کے لئے جلدی جلدی میں ناقص سڑکیں بنا کر اس کا افتتاح نہ کریں بلکہ بہتر طریقے سے ترقیاتی کام کروائیں تاکہ اس طرح کے مسائل درپیش نہ آئیں۔

سندھ کی صوبائی حکومت وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی قیادت میں اپنے چھ برس مکمل کرچکی ہے اور ان چھ سالوں میں سندھ میں مؤثر اور مربوط منصوبہ بندی کے ذریعے تعلیم، صحت، زراعت اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں جو کام ہوا ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھُپا نہیں ہے۔ صوبے میں جاری تمام منصوبوں پر مساوی اور منصفانہ بنیادوں پر فنڈز فراہم کرنے کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پر عوامی ضروریات کی بنیادی سہولیات اور خدمات کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے صوبائی حکومت وزیراعلیٰ سندھ کی سربراہی میں تسلسل کے ساتھ کام کررہی ہے اور صوبے میں جاری ترقیاتی سفر اس بات کی نشاندہی کررہا ہے کہ جلد صوبے میں مسائل کی مزید کمی ہوگی اور سہولتوں سے آراستہ صوبہ عوام کے لئے بہتری کا سفر شروع کرے گا۔ قدرت نے صوبہ سندھ کو جہاں قدرتی وسائل سے مالا مال کیا ہے وہیں دور دراز علاقوں میں انفرااسٹرکچر کی تعمیر کسی بھی لحاظ سے ایک بڑے چیلنج سے کم نہیں ہے۔ تاہم صوبائی حکومت نے شہری علاقوں سمیت دیہی علاقوں میں بھی انفرااسٹرکچر پر کام کیا ہے، جس کی مثال تھرپارکر جیسا ضلع ہے جہاں انفرااسٹرکچر کا جال جس خوبصورتی سے بچھایا گیا ہے، وہ اپنی مثال آپ ہے اور وہاں کے مقامی لوگوں کو جزوقتی روزگار بھی میسر آیا۔ یقیناً یہ ایک بڑی کامیابی ہے اور موجودہ سندھ حکومت کو اس کا کریڈٹ جاتا ہے۔

کراچی جو کہ صوبائی دارالخلافہ ہونے کے ساتھ ساتھ پورے ملک کا معاشی حب بھی ہے یہاں آبادی کا تناسب اس قدر بڑھ گیا ہے کہ انفرااسٹرکچر کی مزید بہتری اب یہاں کی ایک بڑی ضرورت بن گئی ہے۔ تاہم کراچی کی عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے حکومت سندھ نے شہر میں ریڈ اور اورنج لائن بس منصوبے شروع کئے ہیں جس سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد باعزت اور باآسانی سفر کررہے ہیں اور ان بسوں سے استفادہ حاصل کرنے والے عوام سندھ حکومت پر اپنے اطمینان کا اظہار کررہے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ کراچی سرکلر ریلوے پر بھی کام جاری ہے اور جلد عوام کے لئے ایک اور خوشخبری متوقع ہے۔ ترقی کے اس عمل میں تسلسل کے لئے صوبائی حکومت نے سال 2022-23ء کے سالانہ بجٹ میں انفرااسٹرکچر کی بہتری و بحالی کے لئے اربوں کا بجٹ مختص کیا تھا، جس کے مؤثر استعمال سے صورتحال بہتری کی طرف جاتی دکھائی دے رہی ہے۔

مجموعی طور پر ابھی تک جو کام ہوچکا ہے اس کے تحت صوبے بھر میں انڈرپاسز، پل، روڈ رستوں کی کشادگی عمل میں لائی گئی ہے ساتھ ہی کراچی کے لئے ملیر ایکسپریس وے جیسے میگا منصوبہ بھی متعارف کروایا جاچکا ہے۔ جس کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری آئی گی اور یقیناً یہ منصوبہ لوگوں کے لئے سودمند ثابت ہوگا۔ حال ہی میں ایک اجلاس ملیر ایکسپریس وے کے حوالے سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد کیا گیا جس میں وزیراعلیٰ سندھ نے ذمہ داران کو یہ ہدف دیا ہے کہ آٹھ ماہ میں اس منصوبے کو مکمل کرلیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد اس کا ثمر مل سکے۔ وسائل کو مجتمع کرتے ہوئے سالانہ بنیادوں پر مؤثر مانیٹرنگ اور شفاف عمل کے تحت جاری منصوبوں پر

عملدرآمد یقینی بنایا جائے تو عوام کے معیار زندگی میں بہتری آسکتی ہے اور صوبہ سندھ ملک کے ماڈل صوبے کا منظر پیش کر سکتا ہے، جو کہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی دیرینا خواہش بھی ہے۔

کراچی چونکہ ملک کا سب سے بڑا شہر اور معاشی حب ہے اس لئے یہاں بڑھتی ہوئی آبادی پر کنڑول کرنا ناممکن سی بات ہے، اندرون ملک سے آنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافے نے یہاں صحت وصفائی، تعلیم اور انفرااسٹرکچر سمیت دیگر کئی مسائل کھڑے کردیئے ہیں۔ جبکہ کم مالی بجٹ کے باعث سندھ حکومت کے لئے مناسب اور معیاری سہولیات کی فراہمی ایک مشکل عمل بنتا جارہا ہے، کیونکہ بجٹ میں کٹوتی والے رویئے کی وجہ سے روز بروز نئے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ جبکہ اندرون ملک سے ہجرت کرکے کراچی آنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہی ہورہا ہے، جس کی وجہ سے سندھ حکومت کو نئے چیلنجز کا سامنا کرناپڑھ رہاہے۔ کراچی شہر کے لئے ایک منظم منصوبہ بندی کی ضرورت ہے اور اگر منظم طریقے سے کام کیا جائے تو اداروں کو بھی پریشانی نہیں ہوگی اور ساتھ ہی عوام بھی ٹریفک جام جیسے مسئلے سے چھٹکارا پاسکیں گے۔ کراچی جو کہ پورے ملک کو سب سے زیادہ سرمایہ دینے والا شہر ہے اس پر صوبائی حکومت کے ساتھ ساتھ وفاقی حکومت کو بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے، کیونکہ اگر اس شہر میں موجود مسائل پر نظرثانی کرکے انہیں حل کیا جائے گا تو ملکی معیشت پر بھی اس کے واضح اثرات مرتب ہوں گے۔ ہمارے یہاں اکثر مسئلہ منصوبوں کی شفافیت کا آتا ہے اور کئی منصوبے تاخیر کا شکار اسی وجہ سے ہوتے ہیں اور پھر ان کا بجٹ بھی بڑھ جاتا ہے جو حکومتی خزانے پر بوجھ بنتا ہے۔

تاہم سندھ حکومت کی جانب سے صوبے بھر میں جاری منصوبوں پر شفافیت کے عمل کو یقینی بنانے کے لئے ایک مؤثر نظام وضع کرنے پر غور کیا جارہا ہے، جس کے تحت ذمہ داران کو جوابدہی کا سامنا کرناپڑے اور یقینااس عمل کے خاطر خواہ اور مثبت نتائج بھی سامنے آئیں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ فرضی اور گھوسٹ اسکیموں کے کلچر کو دفن کرتے ہوئے اور کمیشن مافیا کے کلچر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم رکھتے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ صوبے میں جاری تمام منصوبہ جات حقیقی معنوں میں نظر آرہے ہیں۔ اس وقت صوبائی محکمہ بلدیات جس شفاف اور معیاری انداز سے جاری منصوبوں پر کام کررہا ہے وہ یقینا قابل داد ہے۔ منصوبوں پر شفاف اور منصفانہ عملدرآمد کی بنیادی وجہ سندھ حکومت کی گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی فلاح وبہبود کو اپنی اولین ترجیح میں رکھنے کی پالیسی ہے۔ سندھ میں عوامی ضروریات کے بنیادی انفراسٹرکچر اور دیگر سہولیات کے منصوبہ جات پر عملدرآمد کو صوبائی حکومت نے یقینی بنایا ہے اور مختلف منصوبوں کی کامیاب تکمیل اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ شہر کراچی میں بڑھتے ہوئے ٹریفک کے مسائل کو بروقت روڈ رستوں کی توسیع وبحالی سے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔ سندھ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے علاوہ دیہی انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت سندھ حکومت کئی اہداف کے حصول کے لئے مختلف ڈونرز کے ساتھ مل کر قلیل المدتی، وسط مدتی اور طویل المدتی دورانئے کے منصوبہ جات شروع کرنے کے لئے خصوصی حکمت عملی مرتب کررہی ہے۔ انفرااسٹرکچر ڈیولپمنٹ کے ساتھ ساتھ اکنامک ڈیولپمنٹ کو بھی یکساں اہمیت دی جارہی ہے، تاکہ مقامی سطح پر روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرتے ہوئے بے روزگاری کو کم کیا جاسکے اور لوگوں کو معاشی خود کفالت کی منزل کی راہ دکھائی جاسکے۔

موجودہ صوبائی حکومت نے گڈ گورننس کا بول بالا اور انفراسٹرکچر کی تعمیر کو اولین ترجیح میں رکھا ہوا ہے۔ انفراسٹرکچر کی فراہمی کی پالیسی کے تحت بین الصوبائی اور بین الاضلاعی شاہرات، اضلاع سے تحصیل اور تحصیل ہاکے اندر کی سڑکوں کو تعمیر کیا جارہا ہے جو آبادی کو بنیادی رسل ورسائل کی سہولیات فراہم کرتی ہیں۔ کراچی کے لئے ملیر ایکسپریس وے اور اس جیسے دیگر منصوبے اس وقت کافی اہمیت کے حامل ہیں، جبکہ اس طرح کے مزید منصوبے متعارف کرواکر اور ان کی تکمیل کرکے شہر میں ٹریفک کی روانی کے مسائل پر مستقل بنیادوں پر قابو پایاجاسکتا ہے۔ ■

# تھر بدلے گا پاکستان
## توانائی بحران کے خاتمے کا بڑا منصوبہ

فرحین مغل

کسی بھی ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی میں حکومت کی جانب سے انقلابی اور طویل مدتی منصوبہ بندی اور پالیسیوں کا کردار اہم ہوتا تاکہ عوام کو مستقبل میں سامنے والے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے میں مدد مل سکے۔ ان طویل مدتی منصوبوں میں اہم منصوبہ توانائی کے شعبے سے وابستہ ہوتے ہیں کیونکہ کسی بھی ملک کی معیشت کا پہیہ اس ملک کی توانائی پر زیادہ دارومدار رکھتا ہے۔ پاکستان کو گزشتہ کئی برسوں سے توانائی کے بحران کا سنگین سامنا رہا ہے اور توانائی کے بحران کے باعث ملک کی معیشت کے ساتھ بے روزگاری جیسے مسائل کا بھی سامنا بسا اوقات کرنا پڑ رہا ہے۔ بدقسمتی سے ملک کیا اس اہم ترین شعبیکو ماضی میں نظر انداز کیا گیا بلکہ جن حکومتوں نے ملک کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے انقلابی منصوبے اور پالیسیاں تشکیل دیں انہیں اگلی آنے والی حکومتوں نے جان بوجھ کر التواء یا ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا۔ ایسا ہی ایک بڑا انقلابی منصوبہ تھر کول فیلڈ منصوبہ ہے جسے پاکستان پیپلز پارٹی کی دوسرے دور حکومت اور عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیراعظم شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 1988 کی پہلی دور حکومت میں دریافت کیا گیا اور سن 1994 میں وزیراعظم پاکستان شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور موجودہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے والد محترم سید عبداللہ شاہ نے اس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔ تھر کول فیلڈ پاکستان کے صوبہ سندھ کے ضلع تھرپارکر کے صحرائے تھر میں واقع ہے۔ صحرائے تھر کو دنیا کا نواں بڑا صحرا تصور کیا جاتا ہے۔

دراصل تھر کا کوئلہ اُس وقت دریافت ہوا جب امریکی امدادی ادارے یو ایس ایڈ کے اہلکار اپنے ایک منصوبہ کے سلسلے میں یہاں پانی کے حصول کیلئے بورنگ کر رہے تھے۔ اس کے بعد اس منصوبے کے مستقبل کیلئے پانچ عالمی سطح کے اداروں سے اس کی اسٹڈی کرائی گئی۔ ان عالمی سطح کے اداروں میں یو ایس جی سی، جان ٹی باٹڈ، آر ڈبلیو ای، چینی ادارہ شہنا، جی ایس پی اور ایس سی اے شامل تھے۔ اس اسٹڈی کے مطابق تھر کا یہ کوئلہ زمین میں 60 میٹر سے لیکر 200 میٹر تک گہرائی میں موجود ہے۔ تھر کوئلے کے ذخائر دنیا میں کوئلے کے 16 ویں سب سے بڑے ذخائر ہیں۔ ان ذخائر کے دریافت ہونے کے بعد پاکستان دنیا میں کوئلے کی پیداوار میں سرفہرست ممالک میں سے ایک کوئلے سے مالامال ملک کے طور پر اُبھرا اور تھر کے کوئلے کو پاکستان اور صوبہ سندھ کی معیشت کا ایک اہم حصہ سمجھا جاتا ہے اور یہ دنیا کے 20 اولین ممالک کی فہرست میں ساتویں نمبر پر ہے۔ وکی پیڈیا کے مطابق پاکستان میں اس وقت 186 ارب ٹن کوئلہ موجود ہے جس میں سے تھر کا کوئلہ تقریباً 175 ارب ٹن پر مشتمل ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اتنی توانائی سعودی عرب اور ایران کے مجموعی تیل کے ذخائر سے زیادہ ہے۔ تھر کوئلے کے یہ ذخائر صدیوں تک ملک کی توانائی کے حصول کیلئے ایندھن کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہے۔ تھر کول منصوبے کے 8 بلاکس ہیں اور یہ بلاکس عوامی و نجی شراکت داری کے تحت ملکی اور غیر ملکی کمپنیوں کے پاس ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق تھرپارکر مجموعی طور پر 19 ہزار اسکوئر کلومیٹر کا علاقہ ہے جہاں 9 ہزار اسکوئر کلومیٹر میں کوئلہ موجود ہے جبکہ حکومت نے ابتدا میں تھرپارکر کے جس مقام پر کوئلہ نکالنے کی اجازت دی ہے یہ 1300 اسکوئر کلومیٹر کا علاقہ ہے جسے بلاکس میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر بلاک 100 اسکوئر کلومیٹر پر محیط ہے۔

سندھ کے انتہائی پسماندہ اور قحط کا شکار علاقے میں کوئلے کی دریافت نے جہاں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو اس علاقے کی جانب راغب کیا وہیں مقامی کمپنیاں اور سرمایہ دار بھی بڑی تعداد میں منصوبے میں اپنی دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔ حال ہی میں سندھ کے وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے تھر کول بلاک II

میں حبکو اور دیگر شراکت داروں کی موجودگی میں 330 میگاواٹ کوئلے سے چلنے والے توانائی کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ 330 میگاواٹ حبکو پاور پلانٹ کے آغاز کے ساتھ 990 میگاواٹ کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی کی فراہمی نیشنل گرڈ کو شروع ہو جائیگی جو نہ صرف ایک بہت بڑی کامیابی ہے بلکہ یہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کی تعبیر بھی ہے کہ پاکستان کو توانائی کے سستے اور مقامی ذرائع سے بااختیار بنانے کیلئے کوئلے سے بجلی کی پیداوار بڑھائی جائے۔ یہ منصوبہ تھر انرجی لمیٹڈ تھر کول پر مبنی 330 میگاواٹ کول فائرڈ پاور پراجیکٹ ہیاور یہ چین پاکستان اقتصادی راہداری کا حصہ ہے۔ یہ منصوبہ حب پاور کمپنی لمیٹڈ (حبکو)، فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (ایف ایف سی)، چائنا مشینری انجینئرنگ کارپوریشن (سی ایم ای سی) کے درمیان مشترکہ منصوبہ ہے اور اسے 520 ملین امریکی ڈالر کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ منصوبہ کیلئے غیر ملکی فنانسنگ کا انتظام چائنا ڈیولپمنٹ بینک کی قیادت میں چینی سنڈیکیٹ سے کیا گیا تھا جبکہ مقامی فنانسنگ کا انتظام حبیب بینک لمیٹڈ کی قیادت میں سنڈیکیٹ کے ذریعے کیا گیا۔

اس منصوبے نے مئی 2018 میں اسپانسرز کی ایکویٹی سے تعمیراتی کام شروع کیا تھا تاکہ دیسی تھر کول کے جلد سے جلد استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔ منصوبے کا مالیاتی اختتام جنوری 2020 میں ہوا تھا۔ چینی قرض دہندگان کی طرف سے قرض کی ادائیگی میں تاخیر اور کورونا وبا کی وجہ سے منصوبہ کو تاخیر کا سامنا کرنا پڑا۔ منصوبہ اب باقاعدہ شروع ہونے کے مرحلے میں ہے اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اسے باضابطہ طور پر مورخہ 3 اگست 2022 کو قومی گرڈ کے ساتھ منسلک کرنے کیلئے آن کر دیا ہے اور وزیراعلی سندھ نے 40 میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں بھیجی جبکہ اگست کے آخر تک 330 میگاواٹ بجلی قومی سسٹم میں شامل ہو جائیگی۔ منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ ہم تھر توانائی منصوبوں کیلئے پانی کی ضروریات سے بھی آگاہ ہیں اور ہم نے بجلی کی پیداوار کیلئے پانی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے انتظامات کیے ہیں۔

تھر کی ترقی کا کلیدی محرک مقامی آبادی کی فلاح و بہبود ہے۔ تھر کے کوئلے کی ترقی نے مقامی لوگوں کی زندگی میں بھی مثبت تبدیلیاں پیدا کی ہیں کیونکہ تھر فاؤنڈیشن کے ذریعے مائننگ اور پاور جنریشن کمپنیوں کی طرف سے روزگار، تعلیم، طبّی سہولیات کے شعبوں میں بہتری کے لیے ایس سی آر سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تھر کول منصوبے کو گڈ گورننس کی بہترین مثال قرار دے چکے ہیں اور ان کا کہنا کہ باقی سب باتیں کرتے ہیں لیکن ہماری سندھ حکومت نے کر کے دکھایا، تھر کے کالے سونے سے پورا پاکستان روشن ہوگا، اس منصوبہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کا نظریہ، شہید بھٹو کا وژن، پی پی حکومت کی پالیسی اور گورننس نظر آتی ہے۔ جبکہ دی اکانومسٹ ٹائمز نے اس منصوبے کو دنیا میں پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت شروع کیے گئے بڑے منصوبوں میں سے ایک بڑا منصوبہ قرار دیا ہے۔

یاد رہے کہ سندھ حکومت پہلی تھر کول مائننگ کمپنی سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی (ایس ای سی ایم سی) میں بڑی شیئر ہولڈر کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی حکومت سندھ، حبکو اور اینگرو کارپوریشن کے درمیان ایک جوائنٹ وینچر ہے جس کی بنیاد 2009 میں رکھی گئی تھی جسے تھرپارکر میں تھر کول فیلڈ کے بلاک II سے بجلی کے منصوبوں کی کان کنی اور پاور پلانٹ قائم کرنے کا کام سونپا گیا تھا اور حکومت سندھ کمپنی کا 51 فصد حصہ رکھتی ہے۔ سندھ حکومت تھر کول آئی پی پیز کے ساتھ ساتھ مائننگ کمپنیوں کو بھی مسلسل مدد فراہم کر رہی ہے اور سڑکوں، پلوں اور مائی بختاور ائیرپورٹ سمیت تمام ضروری انفراسٹرکچر کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا ہے تاکہ یہ منصوبے آسانی سے چل سکیں۔ تھر کول میں ماحول کیلئے عالمی معیار کے مطابق اقدامات کئے گئے ہیں اور منصوبے میں تھر کی عوام کو ملازمتیں دی گئیں اور تھر کول میں 70 فیصد ملازمین مقامی ہیں۔

سندھ حکومت تھر کے کوئلے کو ملک کے دیگر پاور پلانٹس تک باآسانی اور کم وقت میں پہنچانے کیلئے ریلوے لنک بچھانے کا منصوبہ بہت جلد شروع کرنے والی ہے اور اس سلسلے میں وزارت ریلوے اور سندھ حکومت کے درمیان منصوبے کی دیگر تفصیلات پر ضروری مشاورت بھی مکمل ہوچکی ہے۔ منصوبے کے تحت تھر کول فیلڈ سے چھور ریلوے لائن تک 105 کلو میٹر طویل ریلوے لائن بچھائی جائیگی اور یہ منصوبہ 14 ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس حوالے سے گزشتہ ماہ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ سے وفاقی وزیر ریلوے اور ہوابازی سعد رفیق پاکستان ریلوے کی ٹیم کے ہمراہ ایک اہم ملاقات بھی کی۔ ملاقات میں وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ملک کے کوئلے سے چلنے والے تمام بجلی کے منصوبوں کو مقامی تھر کے کوئلے سے ایندھن فراہم کیا جائے جس سے نہ صرف زرمبادلہ کے ذخائر کی بچت ہوگی بلکہ درآمد شدہ کوئلے سے سستا بھی ہوگا اور وزیر ریلوے پر زور دیا کہ تھر کول مائنز سے مین لائن تک ریلوے ٹریک بچھانے کا کام تیز کیا جائے۔اس اہم ہونے والی ملاقات میں مختلف ٹریکس پر مکمل بحث کے بعد بالآخر میرپورخاص کھوکھراپار سیکشن پر 105 کلو میٹر تھر کول فیلڈز سے نیو چھور ہالٹ اسٹیشن کی منظوری دی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ میرپورخاص -نیو چھور سیکشن پر موجودہ سگنلنگ سسٹم کو بہتر بنایا جائیگا اور میرپورخاص سے چھور تک تمام کراسنگ اسٹیشنز پر 700 میٹر کی لمبائی والے دو یونیورسل لوپ لگائے جائینگے۔ اس منصوبے کو جلد از جلد شروع اور مکمل کرنے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ واضح رہے کہ تھر کول فیلڈ کے نیشنل ریلوے ٹریک سے منسلک ہونے سے ملک کے تمام کول پاور پلانٹس کو تھر کا کوئلہ باآسانی اور فوری پہنچایا جاسکے گا اور ملک کے پاور پلانٹس کو تھر کے کوئلے سے چلانے سے درآمدی کوئلے پر خرچ ہونے والے کثیر زرمبادلہ کی بچت ہوگی جس سے ملک کی معیشت مزید مضبوط ہوگی۔

یہ ہی نہیں سندھ حکومت تھر کول منصوبے کے مختلف بلاک سے منتقل ہونے والے گھرانوں اور ان کے واجبات جلد از جلد ادا کررہی ہے تاکہ جو گھرانے دوسری جگہ منتقل ہورہے ہیں وہ جلد از جلد اپنی آبادکاری میں حائل پریشانیوں کا حل پاسکیں اور وہ اپنا مناسب بندوبست کرسکیں۔اس کے علاوہ تھر میں خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں قومی دھارے میں لانے کیلئے بھی کئی اقدامات کیے گئے ہیں اور تھر کی خواتین تھری لباس میں کوئلے سے بھرے ڈمپر چلاتی ہے اور مٹی اور کوئلے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہیں۔ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے ہدف کے تحت سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی اور تھر فاؤنڈیشن کے اشتراک سے یہ پروگرام شروع کیا گیا۔ پروگرام کے تحت متاثرہ خاندانوں کو ماڈل ویلیج منصوبے کے تحت گھر بنا کردیئے گئے اور آبادی کیلئے پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے 12 آراو پلانٹ نصب کیے جارہے ہیں۔ تھر فاؤنڈیشن کے تحت اسلام کوٹ میں مائننگ سائٹ کے قریب ماروی کلینک قائم کیا گیا تاکہ مقامی افراد کو صحت کی بنیادی اور جدید سہولیات فراہم کی جاسکیں۔اس کے علاوہ تھر فاؤنڈیشن کے تحت مائننگ سائٹ کے بلاک (ٹو) میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کو پاک کرنے کے حوالے سے ویکسینیشن کا کام بھی جاری ہے۔ تھر فاؤنڈیشن کے تحت شروع کیے گئے 'خوشحال تھر' پروگرام کے ذریعے دی جانے والی نوکریاں 100 فیصد میرٹ پر دی جاتی ہیں تھر کول مائننگ سائٹ کے قریب ہی خوشحال تھر کا دفتر قائم ہے جس میں مقامی افراد آکر اپنی رجسٹریشن کرواتے ہیں اور جب بھی کمپنی کو لوگوں کی خدمات درکار ہوتی ہیں تو کمپنی مطلوبہ صلاحیت کے حامل افراد کیلئے رجسٹریشن سینٹر سے رابطہ کرتی ہے اور صلاحیت رکھنے والے افراد کو طلب کرلیا جاتا ہے جبکہ مقامی بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے تھر فاؤنڈیشن کے تحت تھرپارکر میں 24 اسکول قائم کیے گئے ہیں جن کی تعمیر پر 600 ملین روپے خرچ ہوئے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ تھر کو پاکستان کی انرجی سکیورٹی کے حوالے سے بنیادی حیثیت کا حامل سمجھا ہے اور سابق وزیراعظم شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کی تعبیر کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے جس سے پاکستان اور اس کا شہر مزید روشن ہوگا۔ ■

ڈاکٹر ریحان احمد

# سندھ میں سرکاری سطح پر ملازمتوں کی فراہمی اور مواقع

جہاں پاکستانی عوام دیگر کئی مسائل اور مشکلات کا شکار ہے اُن میں سب سے پیچیدہ اور اہمیت کا حامل مسئلہ روزگار کا حصول ہے کیونکہ انسانی زندگی پر اِس کے براہِ راست اثرات مرتب ہوتے ہیں اور زندگی کا ہر شعبہ اِس سے منسلک ہے۔ اگر انسان برسرِ روزگار نہ ہوگا یا اُس کے حصولِ رزق کے ذرائع متعین نہیں ہوں گے تو وہ معاشی بدحالی کا شکار ہوگا جس کے سبب دیگر کئی مسائل جنم لیں گے اور معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوگا۔ لٰہذا اِس بنیادی مسئلے کی طرف توجہ دینے کی اشد ضرورت محسوس کی جاتی ہے۔ ترقی یافتہ معاشرے اِس بنیادی انسانی مسئلے پر مسلسل توجہ مرکوز رکھنے اور اِس سے نبرد آزما رہنے کی وجہ سے بڑی حد تک اِس مسئلے پر قابو پا چکے ہیں اور قوم کی بڑی تعداد کو برسرِ روزگار یا ملازمتوں کے حصول کے لیے حکمت عملی طے کر چکے ہیں، لٰہذا وہاں کی نوجوان نسل تعلیم کے حصول کے فوراً بعد کسی نہ کسی شعبے میں اپنی خدمات دیتی نظر آتی ہے، جس کی بدولت بے روزگاری کے مسئلے کا بڑی حد تک تدارک کیا جا چکا ہے، لیکن بدقسمتی ہے ہمارے ملک پاکستان میں ابھی تک اِس سلسلے میں کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے اور نوجوان نسل اپنی ڈگری، ڈپلومہ یا کسی بھی شعبے میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد بھی بڑی تعداد میں نوکریوں سے محروم نظر آتی ہے۔ جس کے باعث معاشرے میں مایوسی اور نا اُمیدی کا عنصر غالب ہے جو کہ نوجوان نسل کی ذہنی صلاحیتوں اور کارکردگی کو برباد کر رہا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ ملک کے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر ہی ہمارا مستقبل محفوظ رہ سکتا ہے۔ زندگی کو گزارنے، اپنے مستقبل کو بہتر بنانے کی کوشش میں حاصل کی جانے والی یہ تعلیم جس میں کامرس، آرٹس، سائنس،



صوبائی وزیر اطلاعات، سرکاری ملازمتوں میں بھرتی پالیسی کے حوالے سے میڈیا نمائندگان کو آگاہ کر رہے ہیں۔

فلسفہ، تاریخ، وکالت، ڈاکٹری وغیرہ پڑھائی جاتی ہیں اس پر لاکھوں روپے خرچ کر دیئے جاتے ہیں۔ ہر طالب علم کا مقصد ڈگری کا حصول ہے تا کہ وہ اپنے آنے والے مستقبل کو بہتر بنا سکے لیکن کیا ڈگری حاصل کرنے کے بعد ایک طالب علم روزگار حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے؟

اِس گھمبیر مسئلے سے نمٹنے کے لیے حکومتِ سندھ گذشتہ کئی دہائیوں سے مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور اِن مسائل پر قابو پانے کے لیے کئی شعبوں میں کام کر رہی ہے تا کہ سندھ کی عوام کو بہتر سے بہتر روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔ اِس سلسلے میں ایک بڑی پیش رفت جس کا ذکر نہایت ضروری ہے وہ حکومتِ سندھ کا ایک ایسا اقدام ہے جو بالخصوص ایسے افراد کے لیے یقیناً خوشخبری کا باعث ہوگا کہ جن افراد کے والدین سندھ حکومت کے ملازمین تھے اور اِس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں انہیں فوتی کوٹے کے تحت ملازمتیں فراہم کی جائیں گی۔ اِس سلسلے میں پہلے مرحلے میں سندھ کے 23 محکموں میں 356 فوتی کوٹا پر ملازمتوں کی منظوری دی گئی ہے۔ فوتی کوٹے کہ اِن احکامات پر عمل درآمد کے لیے چیف سیکریٹری سندھ ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا

جس میں سینئر رکن بورڈ آف ریونیو سمیت مختلف محکموں کے سیکریٹریز نے شرکت کی۔ فوتی کوٹے پر 2018 سے اب تک 8023 سرکاری ملازمین کے ورثا کو ملازمتیں دی گئی ہیں جس میں سال 2018 میں 255، سال 2019 میں 3056، سال 2020 میں 1365 اور 2021 میں 3347 ملازمتوں کی منظوری دی گئی۔ اِس عمل کی جلد از جلد تکمیل کے لیے چیف سیکریٹری نے تمام سیکریٹریز کو فوتی کوٹا درخواستوں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جن محکموں میں درخواستیں جمع ہیں، ان کو جلد مکمل کر کے محکمہ قانون کو بھیجا جائے تاکہ امیدواروں کو زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے اور اُن کے لیے ملازمتوں کے حصول کا طریقۂ کار آسان سے آسان تر بنایا جائے۔

خوش آئند بات یہ ہے کہ اِس عمل کو تیز سے تیز تر بناتے ہوئے حکومتِ سندھ کی جانب سے ہدایات جاری کی گئی ہیں اور تمام سیکریٹریز سے ضلعی ریکروٹمنٹ کمیٹی میں بھیجے گئے کیسز کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے تمام ضلعی ڈپٹی کمشنر کو ڈی آر سی اجلاس بلانے کی بھی ہدایات کی گئی ہیں۔ فوتی کوٹے کے علاوہ دیگر کوٹہ سسٹم پر بھی حکومتِ سندھ مؤثر حکمتِ عملی اپنائے ہوئے ہے۔ واضح رہے کہ دنیا میں تقریباً ایک ارب افراد یعنی دنیا کی کل آبادی کا 15 فیصد حصہ کسی نہ کسی معذوری کا شکار ہے۔ معذور افراد معاشرے کا حصہ ہیں، انہیں نظرانداز کرنے سے مایوسی بڑھتی ہے۔ معذور افراد کے پاس عام آدمی سے زیادہ حوصلہ اور جذبہ ہوتا ہے لیکن انہیں معاشرے میں مسلسل نظرانداز کیا جانا نقصان کا باعث ہے۔ معذور افراد صلاحیتوں میں کسی سے کم نہیں ہیں، بدقسمتی سے ہم معذور افراد کا ٹیلنٹ استعمال نہیں کرتے جبکہ معذور افراد کو روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانا ضروری ہے، لہٰذا خصوصی افراد کے لیے آئے دن مزید آسانیاں پیدا کی جا رہی ہیں جیسا کہ سندھ حکومت کی جانب سے گذشتہ برس خصوصی افراد کوٹہ میں بھرتیاں کی گئیں، اِس عمل کے ذریعے خصوصی افراد کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے جس کے سبب کئی خاندانوں کو معاشی طور پر مستحکم ہونے میں مدد ملے گی۔ اِن تمام اقدامات کے علاوہ حکومتِ سندھ دیگر کئی شعبوں میں کام کر رہی ہے جس کی وجہ سے آنے والے وقتوں میں بلاشبہ کئی شعبوں ملازمتوں کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

اِن تمام تر اقدامات کا مقصد صوبہ سندھ کی نوجوان نسل کے لیے ملازمتوں کا حصول آسان بنانا ہے تاکہ ہم بحیثیت قوم ایک مضبوط اور مستحکم معاشرے کے طور پر اُبھر کر سامنے آئیں۔ اِس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کا دار و مدار صحت مند اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی وجہ سے ممکن ہے۔ نوجوان کے لئے تعلیم لازم و ملزوم ہے۔ علم افراد کی ذہنی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے اور سیرت و کردار کی تعمیر کے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ ہر دور کے مختلف تقاضے اور ضرورتیں ہوتی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم اور مستقبل کی منصوبہ بندی لازم و ملزوم ہے۔ سنہرے مستقبل کے خواب ان دونوں کو ساتھ لے کر چلنے سے ہی پایہ تکمیل تک پہنچتے ہیں۔ دوران تعلیم اپنے مستقبل کا تعین کرنے والے نوجوان ہمیشہ کامیابی کی منزلیں طے کرتے ہیں۔ کیریئر کا انتخاب تھوڑا مشکل مگر انتہائی اہم فیصلہ ہے لیکن اس دُرست فیصلے کے بعد انسان کی زندگی میں آسانی سے کامیابیاں آتی ہیں۔ اپنے مستقبل کا فیصلہ کرتے وقت اپنے ذہنی رُجحان، دُنیا کی سائنسی تبدیلیوں اور معاشرے کے چیلنجز کو مدنظر رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ موجودہ دور جدّت اور ترقّی کا دور ہے۔ اس دور کی سب سے بڑی ضرورت فنی مہارت، صنعتی ضرورتیں ہوتی ہیں۔ حکومتِ سندھ کی جانب سے نوجوان نسل کو فنی مہارت حاصل کرنے کے لیے بھی کئی مواقع فراہم کیے گئے اور ہر ضلع میں ووکیشنل ٹریننگ سینٹر یا ٹیکنکل ٹریننگ سینٹرز اپنی خدمات بخوبی انجام دے رہے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تمام تر ترقی فنی تعلیم کی بدولت ہے۔ فنی تعلیم سے مراد کسی فرد کو کسی خاص شعبے میں پیشہ ورانہ مہارت کی خصوصی تربیت دینا ہے تاکہ ہنر مند انسان آسانی سے ذریعہ معاش حاصل کر سکے۔ آج سائنسی ترقی کے تیز رفتار دور میں ہمارے نوجوانوں کو فنی تعلیم کی اشد ضرورت ہے۔ نوجوان نسل کو عہد حاضر کی ضروریات سے ہم آہنگ اور جدید علوم سے آراستہ کرنا بے حد

ضروری ہے۔ فنی تعلیم سے فائدہ اُٹھا کر ہزاروں بے روزگار نوجوان اپنی صلاحیت میں اضافہ کر کے باعزت روزگار کے قابل ہو جاتے ہیں۔ تربیت یافتہ نوجوان جو نہی تعلیم مکمل کرتے ہیں تو تھوڑی سی جدوجہد سے فوراً روزگار مل جاتا ہے۔ فنی تعلیم نوجوانوں کو اپنے خاندان کی کفالت کرنے کے ساتھ ساتھ کچھ سیکھنے کی خوشی کا احساس بھی دیتی ہے۔ ہنر مند نوجوان معاشرے میں اپنا فعال کردار ادا کر رہے ہیں اور یہ دماغی و جسمانی لحاظ سے باقی عمر کے طبقوں سے زیادہ مضبوط ہوتے ہیں۔ دُنیا میں انہی قوموں نے تیزی سے ترقی کی منازل طے کی ہیں جنہوں نے اپنی نوجوان نسل کو عہدِ حاضر کی ضروریات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید علوم سے آراستہ کیا ہے۔ نصاب موجودہ دور کے مطابق سائنسی بنیاد پر مرتب کیا جائے اور فنی تعلیم سے آگہی، فروغ اور اس جانب رُجحان کے لیے مڈل اور میٹرک کی سطح سے ہی ایک یا دو ٹیکنکل کورس لازمی مضمون کے طور پر شامل کیے جانے چاہئیں، اس کے نتیجہ میں نوجوان نسل ابتدا ہی سے فنی تعلیم سے روشناس ہوگی۔

پاکستان کے صنعتی شعبے کو مضبوط اور فعال بنانے کے لیے ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو فنی تعلیم میں قائدانہ صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ وہ بچےّ یا نوجوان جو غربت یا دیگر مجبوریوں کی وجہ سے اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے۔ اساتذہ کرام ان کی توجہ فنی تعلیم کی طرف راغب کریں تاکہ وہ بے راہ روی کا شکار ہونے کی بجائے فعال کردار ادا کر سکیں۔ نوجوان نسل تعلیم کے ساتھ ساتھ کسی ہنر کو بھی حاصل کرے، تعلیم کے ساتھ شارٹ ٹرم ٹیکنکل کورسز بھی کریں۔ نوجوانوں کو ٹیکنکل ایجوکیشن جیسے تھری ڈی ڈیزائننگ، فیشن ڈیزائننگ، الیکٹریکل ایپلائنسز، موبائل ریپیئرنگ، سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ، موٹر وائنڈنگ، ویلڈنگ، پلمبر، کمپیوٹر ہارڈ ویئر اینڈ سافٹ ویئر، الیکٹریکل وائرنگ، الیکٹریشن، سول ڈرافٹسمین، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ اور دیگر ٹیکنکل کورسز اپنی ذہنی صلاحیت اور دلچسپی کے تحت حاصل کرنا چاہئے۔ پاکستان میں پولی ٹیکنک انسٹیٹیوٹس تو موجود ہیں البتہ وہاں پڑھایا جانے والا کورس جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ اب نہیں رہا ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوانوں کو فنی تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے مزید پولی ٹیکنک اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے اور وہاں پڑھایا جانے والا کورس اَپ گریڈ کیا جائے۔ نجی سیکٹر اپنے طور پر یہ فریضہ سرانجام دے رہا ہے لیکن جب تک حکومت کی شراکت داری اور سرپرستی نجی سیکٹر کے ساتھ نہیں ہوگی، اس سلسلے کو کامیاب نہیں بنایا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ نجی کمپنیوں کے اشتراک سے حکومتِ سندھ پولی ٹیکنک ایجوکشن کے ذرائع بھی مہیا کررہی ہے۔ البتہ اسے دورِ حاضر کی جہتوں اور طلبا کی ذہنی صلاحیتوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔

وقت کا تقاضا ہے کہ فنی کاریگروں کی محنت کی قومی و صنعتی سطح پر ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ نوجوانوں میں فنی تعلیم و تربیت کے حصول کا شوق بڑھے۔ کوئی بھی ہنر کسی بھی شعبے میں سیکھنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آپ کسی تربیتی ادارے میں فیس ادا کر کے ایک خاص ہنر کا تربیتی نصاب مکمل کریں۔ مثلاً کسی کمرشل انسٹی ٹیوٹ میں مختصر نویسی (شارٹ ہینڈ رائٹنگ) کی تربیت حاصل کریں یا کسی فنی تربیت کے ادارے میں کوئی تکنیکی ہنر، مثلاً ڈرافٹس مین یا ویلڈر یا کسی دُوسرے ہنر کی تربیت مکمل کریں۔ اس طریقے کے فائدے یہ ہیں کہ اگر آپ نے کسی اچھے تربیتی ادارے کا انتخاب کیا تو آپ ایک مقررہ مدت میں ایک باقاعدہ نصاب کے تحت اس ہنر کے نظری اور (تھیوری اور پریکٹیکل) پہلوؤں سے واقف ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ تربیت چھ ماہ کی ہے تو چھ ماہ میں ہی مکمل ہو جاتی ہے۔ تعمیر کے ہر شعبے میں فنی ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔ فیکٹریاں، سڑکیں، پُل، نہریں، عمارتیں، ہوائی اڈّے وغیرہ بنانے کے لیے ٹیکنیشن کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر کوئی ملک کافی تکنیکی ہاتھوں کے افراد کا مالک ہے تو بلاشبہ ترقی کی رفتار وہاں تیز ہوگی۔ لہٰذا ہم اُمید کرتے ہیں کہ حکومتِ سندھ اِن حکمت عملیوں پر مربوط کام کرتی رہے تو وہ دِن دُور نہیں جب بے روزگاری کے باعث معاشرے میں پھیلی نا اُمیدی اور مایوسی پر قابو پایا جاسکے گا اور ہم ایک ترقی یافتہ صوبے اور ملک کی صورت میں اِس دنیا کے افق پر اُبھریں گے۔ ■

دریائے سندھ کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے مشہور یونانی سیاح میگاسٹیز نے کہا کہ ”ایشیاء اور یورپ کے بڑے دریاؤں کو یکجا بھی کر دیا جائے تو بھی یہ سارے کے سارے دریائے سندھ سے ہم سری نہیں کر سکتے۔“

ہدیٰ رانی

# دریائے سندھ
# تہذیبوں کا وجود اور موجوں کی روانی

دنیا کی تاریخ میں دریاؤں کا اپنا ایک کردار ہے اور قدیم شہروں کی تاریخ دریا کے کناروں سے ہی شروع ہوتی ہے۔ جہاں دیگر دریا اپنے اندر تاریخ سموئے ہوئے ہیں، وہیں دریائے سندھ کی بھی اپنی ایک ثقافتی تاریخ ہے۔ یہ دریا بہت ہی میٹھا اور ایک بہت بڑا دریا ہے، جس کی عظمت اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب اس میں اس کے معاون دریا شامل ہوتے ہیں۔ یہ دریا تبت کے ”کیلاش“ پہاڑ سے نکل کر تقریباً گیارہ سو میل کشمیر، پنجاب اور سرحدی صوبے سے چل کر مٹھن کوٹ کے نزدیک اس میں دریائے کابل کے علاوہ مغربی جانب سے دریائے کرم، گومل، ٹوچی اور بولان ملتے ہیں۔ صوبہ پنجاب میں داخل ہو کر مٹھن کوٹ کے مقام پر یہ ستلج، بیاس، راوی، چناب، جہلم کے پانی کو خود میں شامل کر لیتا ہے۔ اٹک پل سے دریا پر نظر دوڑائیں تو یہاں پر دریائے کابل اور دریائے سندھ آپس میں ملتے نظر آتے ہیں۔ دونوں دریاؤں کے پانی کا رنگ مختلف نوعیت کا نظر آتا ہے۔ دریائے سندھ کا پانی صاف اور شفاف نیلے رنگ کا دکھائی دیتا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ دریائے سندھ اپنے اندر موجود تمام مٹی تربیلا ڈیم میں چھوڑ آتا ہے۔ جب کہ دریائے کابل کا پانی اس کے مقابلے میں مٹی کے باعث گدلا نظر آتا ہے۔ سندھو دریا ایک بڑا خوبصورت منظر پیش کرتا ہے، جب دو مختلف رنگوں کے پانی ایک دوسرے کو چھوتے ہیں۔ اس مقام پر دریائے کابل کا اختتام ہو جاتا ہے اور وہ دریائے سندھ کا حصہ بن جاتا ہے۔



سکھر بیراج۔

دریائے سندھ کے نام کی وجہ تسمیہ کے بارے میں مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے اس کے چند نام یہ ہیں سندھو، سندھ، السند، مہران، سنتو، ملان، آب سندھ، انڈس۔ بعض مؤرخین یہ کہتے ہیں کہ سندھو سنسکرت زبان کا لفظ ہے جس کے معنی دریا کے ہیں۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ لفظ سندھو فارسی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی بھی دریا کے ہیں۔ انڈس لفظ کے بارے میں خیال ہے کہ یہ لفظ یونانی ہے۔ یورپی محققین نے اس لفظ کو انگریزی زبان میں استعمال کیا ہے۔ کچھ محققین کے خیال میں سندھ اور انڈس ایک ہی ہیں۔ علاقے کا نام سندھ، برصغیر ہند و پاک کا سابقہ نام ہند اور دریا کا نام انڈس ہندوستانی لسانیات میں سب ایک ہی لفظ ہیں۔ کوئی نہیں جانتا کہ دریا کا نام سرزمین کی وجہ سے سندھ پڑا یا سرزمین کا نام دریا کی وجہ سے۔ قدیم چینی اسی دریا کے لئے لفظ سنتو اور ملان استعمال کرتے تھے۔ فارسی (ایران) کے قدیم مؤرخین نے اس کے لئے آب سندھ کا لفظ استعمال کیا ہے۔ سنسکرت زبان کے ماہرین لفظ سندھو کے معنی کے بارے میں دو مختلف رائے رکھتے ہیں۔ ایک سندھو کے معنی دریا کہتے ہیں اور دوسرا سمندر بتاتے ہیں۔ بعض کے خیال میں سنسکرت زبان میں سندھو کے معنی ڈکارتی

ہوئی گائے کے ہیں۔ گرجدار آواز کے ساتھ بہنے والے دریا کو اسی نسبت سے سندھو یا سندھ کہا گیا۔

زیریں سندھ جنوبی کے علاقے میں دریائے سندھ کی زمین اور سمندر کی سطح تقریباً برابر ہو جاتی ہے۔ دریائے سندھ میں کوٹری کے مقام پر بہت گہری کھائیاں ہیں۔ دریائے سندھ کے گزرگاہ کے تین مراحل ہیں۔ پہلا مرحلہ پہاڑوں کا ہے جو کہ دریائے سندھ کا منبع ہیں۔ دوسرا مرحلہ دریائے سندھ کی بالائی گزرگاہیں ہیں اور تیسرا مرحلہ ڈیلٹا ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں سے دریا سمندر میں گرنے سے قبل دو حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد سمندر کا ساحل واقع ہے۔ دریائے سندھ سے سندھ کے مختلف علاقوں کے لئے نہریں نکالی گئی ہیں جن کو قدیم زمانے سے لے کر اب تک زراعت کے لئے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ دریائے سندھ علاقے کی ثقافتی زندگی کا بھی حصہ ہے۔ قدیم و جدید شعراء کے اشعار میں بھی اس کا تذکرہ ملتا ہے اور علاقے کی لوک کہانیوں میں بھی اس کی موجوں کی روانی کا تذکرہ ہے۔ عربوں نے اسے نہر السند کہا یعنی دریائے سندھ اسی زمانے میں ایک لفظ مہران بھی استعمال ہوا اور قدیم عربی کتب میں یہی لفظ استعمال ہوا ہے۔

آج بھی سندھی زبان میں گفتگو کے دوران دریائے سندھ کا تذکرہ سندھ جا دریا، سندھو ندی اور سندھو دریا کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ سندھو لفظ کے کثرتِ استعمال کی وجہ سے سندھ اور سند ہوا۔ عربوں نے اس کے ماتحت الف اور لام لگایا تو یہ السند ہو گیا۔ عربوں نے اس خطے کو بلاد السند کہا اور اس دریا کو نہر السند اور نہر مہران کے نام سے موسوم کیا۔ یورپین نے اس کو انڈس کہا۔ دریائے سندھ علاقے کی زراعت، نباتات، باغات، انسان اور حیوانات کے لئے قدرت کا انمول اور بے مثال تحفہ ہے۔ دریائے سندھ کا منبع تبت میں کیلاش کے پہاڑ ہیں اس کی لمبائی 18 سو میل سے زائد ہے۔ سندھ کے علاقے میں دریائے سندھ کے پاٹ اتنے چوڑے ہیں کہ ان میں اب بھی جہاز رانی ہو سکتی ہے۔ دریائے سندھ مختلف راستوں سے ہوتا ہوا خشک اور پیاسی دھرتی کو سیراب کرتا ہوا آخر کار بحیرہ عرب میں جا گرتا ہے۔ دریائے سندھ بلند و بالا پہاڑوں سے گزر کر وادیٔ سندھ میں داخل ہوتا ہے اور راستے میں پہاڑیوں، ندیوں اور نالوں کا پانی سمیٹتا ہوا کشمیر سے ضلع ہزارہ کے میدانی علاقوں میں پہنچتا ہے۔ پہاڑوں سے سمندر تک پہنچنے کے لئے یہ دریا سینکڑوں میل کا فاصلہ طے کرتا ہے۔

دریائے سندھ ہزاروں مربع میل کے علاقے پر پھیلا ہوا ہے جس میں تبت، افغانستان اور کشمیر بھی شامل ہیں۔ اپنے معاون دریاؤں کا پانی لے کر یہ دریا صوبہ سندھ میں داخل ہوتا ہے۔ سب سے پہلے یہ اس صوبے میں پانی کی تقسیم کے پہلے نظام گڈو بیراج سے گزرتا ہے اور پھر سکھر بیراج اور کوٹری بیراج کے ذریعے سندھ کی زمینوں کو سیراب کرتا ہے۔ صوبہ سندھ میں اسی کا ڈیلٹا کم و بیش ایک سو پچیس میل لمبا ساحل گھیرے ہوئے ہے۔ ڈیلٹا کا رقبہ تقریباً تین ہزار مربع میل ہے۔ جنوب مغرب کی طرف سات سو میل بہہ کر کیٹی بندر کے نزدیک متعدد شاخوں پر تقسیم ہو کر میدانوں میں بہتا ہوا بحیرہ عرب میں جا گرتا ہے۔ سندھ کو قدرت نے سمندر اور دریائے سندھ کی دولت عطا کی ہے، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اس دریا کے بہاؤ میں کمی اور اس میں آلودگی پیدا ہو رہی ہے۔ کیونکہ دیہاتوں اور شہروں سے نکلنے والا گند بڑی تعداد میں دریائے سندھ میں بہا دیا جاتا ہے۔

دریائے سندھ کا پانی آلودہ کرنے والے تین بڑے عوامل ہیں۔ جس میں سے ایک گھروں اور دفاتر سے خارج ہونے والا گندا پانی دوسرا صنعتی اداروں سے خارج ہونے والا گندا پانی اور تیسرا کھیتوں سے بہہ کر دریا میں گرنے والا زرعی فضلہ۔ اس کوتاہی اور ناقدری کے باوجود اب بھی وقت ہے کہ اس نقصان کو روکنے کے لئے فوری طور پر تمام شہری، صنعتی اور کھیتوں کے فضلے کا دریا میں اخراج روکا جائے۔ صدیوں سے ابن آدم کو زندگی فراہم کرنے والا دریائے سندھ اس وقت خود اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہا ہے۔ دریا اور اس کے جنگلات کے تحفظ کے لئے فوری عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ انسانی زندگیوں کے ساتھ ساتھ آبی اور جنگلی حیات کو بھی تحفظ بخشا جا سکے اور قدرت کی طرف سے دیئے جانے والا یہ تحفہ دریائے سندھ مزید تباہ ہونے سے بچ سکے اور

انسانی زندگی کو جلا بخشتا رہے۔ سندھو دریا کے گزر کا کالا باغ سے ڈیرہ غازی خان تک کل ایک سو ساٹھ کلو میٹر کا فاصلہ ہے، وہاں سے جنوبی سمت سندھو میں پنجاب کے پانچوں دریا شامل ہوتے ہیں۔ کالا باغ سے ڈیرہ غازی خان تک مغربی سمت سے پہاڑی سلسلے ہیں جو آہستہ آہستہ پیچھے ہٹتے چلے جاتے ہیں۔ ان پہاڑی سلسلوں کو کوہ سلیمان کہا جاتا ہے، ان پہاڑوں کے دامن میں سندھو ان کے ساتھ چلتا ہے، لیکن وسط میں جا کر پہاڑ تقریباً سو کلو میٹر پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ کالا باغ سے پچاس کلو میٹر جنوبی سمت مغرب سے ایک ندی ''کرم'' سندھو سے ملتی ہے، جو کہ کالا باغ کے جنوبی کونے پر ہے۔ اس سے آگے ڈیرہ اسماعیل خان کے پاس ایک اور ندی ''گومل'' سندھو میں شامل ہوتی ہے۔ اس سے آگے چلیں گے تو کوہ سلیمان مغربی سمت بڑھ جاتا ہے، لیکن اس کے دامن میں برساتی پانی، چھوٹی چھوٹی ندیاں اور پہاڑوں سے پانی لے کر آتی ہیں اور سندھو ان کے ساتھ جنوبی سمت گڈو کی جانب رواں دواں رہتا ہے۔ سندھو کے مشرق میں تھل ریگستان ہے جو کہ ضلع مظفر گڑھ کے شہر خانگڑھ تک پھیلا ہوا ہے۔ جہاں پر تھل ریگستان ختم ہوتا ہے وہاں سے پنجاب کے پانچوں دریا جہلم، چناب، راوی، ستلج اور بیاس آپس میں مل کر سندھو میں سما جاتے ہیں۔ اس جگہ کو پنجند کہا جاتا ہے۔ وہاں سے تھل کا ایک حصہ مغربی سمت ڈیرہ غازی خان اور سندھو کے درمیان آجاتا ہے اور سندھو اس کی مشرقی سمت سے آگے بڑھتا ہے۔ یہ دڑوں کا چھوٹا سا سلسلہ ہے اور اس کے بعد پھر مشرق کی سمت بہاولپور کے ریتیلے دڑوں اور میدانوں کا سلسلہ، جسے چولستان کہتے ہیں۔

گڈو کے مقام سے سندھو جنوبی سمت بڑھتا ہے اور سکھر کے وسط سے ہوتا ہوا لاڑکانہ کے مشرق سے گذرتا ہوا موہن جو دڑو کی مشرقی سمت سے ہوتا ہوا سیہون کی پہاڑیوں تک پہنچتا ہے۔ سیہون سے سندھو مغربی سمت کے پہاڑی علاقوں سے ہوتا ہوا ٹھٹھہ کہ مشرق سے گزر کر کیٹی بندر کے پاس دو حصوں میں تقسیم ہو کر سمندر میں سما جاتا ہے۔ سندھ کی قدیم تہذیب اور اس کے آثار بتاتے ہیں کہ سندھو کے کنارے سندھ کی تہذیب نے جنم لیا۔ نہ صرف سندھ بلکہ دنیا کی اکثر قدیم تہذیبوں کے آثار قدیمہ پر جب تحقیق کی گئی ہے تو یہی بات سامنے آئی ہے کہ دریاؤں کا تعلق تہذیبوں سے پرانا ہے اور عموماً تہذیبیں دریا کے کنارے سے ہی شروع ہوئی ہیں جبکہ بعض کی اُجڑنے کا سبب بھی دریا کو ہی بتایا جاتا ہے۔ سندھو پہاڑوں کو چیرتا ہوا کالا باغ کے پاس میدان میں داخل ہوتا ہے اور کوہ سلیمان کے مغربی سمت میں آگے بڑھتا ہے۔ ستلج پنجاب کے مشرق سے ہوتا ہوا پنجند کے پاس سندھو سے مل جاتا ہے اور آگے جا کر ٹھٹھہ کے قریب بحیرہ عرب میں گرتا ہے۔

ایسٹ انڈیا کمپنی کے ایک ملازم (ویٹرنری سرجن) ولیم مور کرافٹ نے 1811ع کے قریب کیلاش پہاڑ پر جا کر مانسرور جھیل کا جائزہ لیا۔ یہ پہلا شخص تھا جو اس منطقی نتیجے پر پہنچا کہ سندھو کا منبع اس جھیل مانسرور میں نہیں ہے۔ اس کا اندازہ یہ تھا کہ سندھو کا منبع کیلاش کے پہاڑی سلسلے مانسرور جھیل نہیں بلکہ اس کا جنوب ہے۔ انیسویں صدی کے اختتام تک کسی بھی ملک نے اس بات کا مشاہدہ نہیں کیا تھا کہ سندھو کا منبع کہاں ہے۔ پھر 1907ء میں سویڈن کا ایک محنتی جوان سوین ہیڈن سندھو دریا کے منبع کو جانچنے کے لیے نکلا۔ پہلے اس نے برہم پترا کا منبع ڈھونڈ نکالا۔ ہیڈن وہ پہلا شخص تھا جو سندھو کے منبع تک بھی پہنچا۔ کیلاش سے چالیس کلو میٹر شمالی سمت سینجے کھاباب (Senge Khabab) عُرف شیر کا منہ نامی جگہ ہے، جہاں سندھو کا منبع ہے۔ سندھو سے پہلے ملنے والی ندی گارتانگ ہے جو تبت ہی میں، سندھو سے ملتی ہے۔ ایلس البیینا کی کتاب میں دیئے گئے نقشے کے مطابق سندھو کے کنارے ایک شہر سینج علی ہے، جس سے کچھ فاصلے کے بعد گارتانگ سندھو سے ملتی ہے۔ گارتانگ ندی کیلاش پہاڑ کے ساتھ شمال مغربی سمت سے بہتی ہوئی سندھو سے ملتی ہے۔ یہ روایت بھی بالکل غلط نہیں ہے کیونکہ سندھو مانسرور جھیل سے تو نہیں نکلتا البتہ اس کے آس پاس کہیں نہ کہیں سے سندھو میں پانی پہنچتا ہے۔ تبت کے تاریخی حوالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھو کی وادی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ یہ دریا ہزاروں سالوں سے اپنی ترتیب سے بہہ رہا ہے۔ ■



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے دفتر میں
بارش کے حوالے سے معلومات حاصل کررہے ہیں۔



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سندھ کابینہ کے اجلاس کی
صدارت کررہے ہیں۔

ہفتہ وار
# سندھ منظر

## ستین جو آستان / صفائے صفا



ستین جو آستان روہڑی کے قریب دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔اس جگہ کا نام ''صفائے صفا'' رکھا گیا تھا جسے میر ابوالقاسم نے اس وقت تعمیر کیا تھا جب وہ بکھر کے گورنر تھے، ان کی آخری آرام گاہ بھی یہیں موجود ہے۔ یہاں سات خواتین دوستوں کی آرام گاہ بھی ہے۔لوک داستانوں کے مطابق یہ خواتین یہاں رہائش پذیر تھیں۔ یہ تمام مردوں سے پردہ کرتی تھیں، لیکن ایک ظالم راجہ کے خوف سے انہوں نے ممکنہ طور پر کسی پہاڑی کے پہلو میں یا کسی غار میں خود کو ستی کرلیا تھا۔ستی ایک ایسی رسم تھی جس میں بیوائیں اپنے آپ کو جلاتی تھیں یا اپنے مُردہ شوہر کی چتا پر جلادی جاتی تھیں۔ یہ ممکن ہے کہ اس لوک داستان کی ابتدا ستی کی ہندو رسم سے شروع ہوئی ہو۔

محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ